| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40منٹ |

سبق کا نام: ایجادات

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- تجزیہ کر سکیں کہ حالیہ ایجادات کمپیوٹر، ٹیلی وژن اور انٹرنیٹ نے انسانی زندگی کو کس طرح بدلا ہے؟

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''ایجادات'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ :

- موجد کسے کہتے ہیں؟
- ماضی میں لوگ خوراک کیسے حاصل کرتے تھے؟

طلبہ سے جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں اور غلط جواب دینے والے طلبہ کی اصلاح کریں۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 82 سے متن پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔
- طلبہ کو بتائیں کہ انسان اپنی زندگی کو آرام دہ بنانے اور بہتر سہولیات کے حصول کی خاطر نئی ایجادات کرتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ گزشتہ صدی میں ایسی بہت سی ایجادات ہوئی جن کی وجہ سے انسان کی زندگی پُر سکون اور آرام دہ ہو گئی ہے۔
- انھیں فلیش کارڈز کی مدد سے چند ایجادات کی تصاویر دکھائیں اور ان کے موجد کی شناخت کروائیں۔ انھیں ایجادات اور موجد کے ناموں کی دہرائی کروائیں۔

- انھیں کتاب کے صفحہ نمبر 82 پر دی ہوئی ٹیلی وژن کی تصویر دکھائیں اور بتائیں کہ یہ جان بیئرڈ نے ایجاد کیا۔ طلبہ کو جان بیئرڈ اور ٹیلی وژن کی مختلف ادوار میں ہونے والی تبدیلیوں کی تصاویر دکھائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز کی مدد سے دنیا کے سب سے پہلے کمپیوٹر کی تصویر دکھائیں اور زمانی ترتیب کے لحاظ سے کمپیوٹر کی جدید شکل دکھائیں۔ انھیں بتائیں کہ 1822ء میں ایک برطانوی ریاضی دان چارلس بابیج نے کمپیوٹر ڈایزائن کیا۔
- انھیں بتائیں کہ کمپیوٹر یونانی زبان کا لفظ ہے جس کے معانی ''حساب کرنا'' کے ہیں۔ انھیں بتائیں کہ کمپیوٹر زندگی کے ہر شعبے میں استعمال ہو رہا ہے اور اس ایجاد نے ہماری زندگی کو آسان بنا دیا ہے کیونکہ اس کی مدد سے گھنٹوں کے کام کو سیکنڈوں میں کیا جا سکتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| علم | عِ۔لم | آگاہی |
| پیش نظر | پے۔ش۔نظر | نگاہ کے سامنے |
| معیار | معِ۔یار | اندازہ |
| دُور جدید | دور۔جدید | موجودہ زمانہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے زبانی سوالات پوچھیں کہ:

کمپیوٹر کس نے اور کب ایجاد کیا؟ کمپیوٹر کس نے ایجاد کیا؟ چارلس بابیج کون تھا؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

مشق جزو (۱) کا سوال (۴) اور (۵) کاپی میں حل کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

جدید دور کی ایجاد روبوٹ کئی اقسام کے ہوتے ہیں۔ ان کے بارے میں تصاویر اور دیگر معلومات اکٹھی کریں اور ایک خوب صورت چارٹ تیار کر کے کمرا جماعت میں آویزاں کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: واقفیتِ عامہ | جماعت: سوم | تیسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ: ______ | ہفتہ: 7 | اُستاد کا نام: ____ |

سبق کا نام: قوت اور مشینیں

**حاصلاتِ تعلم:**

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آلہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- سادہ مشینوں (ڈھلوان سطح، سطحِ مائل، لیور، پلی، پہیا اور ایکسل، فانہ) کو پہچان کر ان کے نام بتا سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ فلیش کارڈز۔ ورک شیٹ

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان "قوت اور مشینیں" نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- طلبہ سے چند اوزاروں کے نام پوچھیں۔ نام بتانے میں طلبہ کو مدد فراہم کریں۔

طلبہ سے باری باری جواب لیں اور ان کی حوصلہ افزائی کریں۔

**طریقہ تدریس:** 15منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- طلبہ سے کتاب کے صفحہ نمبر 84-85 متن پڑھنے کو کہیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔ طلبہ کو اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو فلیش کارڈز دکھائیں اور بتائیں کہ ماضی میں لوگ اوزار یا ہتھیار کس لیے بناتے تھے۔ وہ خوراک حاصل کرنے کے لیے جانوروں کا شکار کرتے تھے۔ شکار کرنے کے لیے انھیں پتھروں سے بنے نوکیلے اوزار بنانے پڑتے، وہ اناج پیسنے کے لیے پتھر سے چکی بناتے۔
- طلبہ کو بتائیں کہ اپنی زندگی کو آرام دہ بنانے اور بہتر سہولیات کے حصول کی خاطر زمانہ قدیم کے لوگوں نے بہت سے اوزار بنائے۔ انھیں بتائیں کہ انسان نے یہ اوزار کانسی کی دریافت کے بعد بنانا شروع کیے۔

- انھیں بتائیں کہ ماضی میں لوگ کھیتی باڑی کے لیے ہل بیلچہ اور کھرپا وغیرہ کا استعمال کرتے تھے۔ انھیں بتائیں کہ وہ: کانسی سے برتن، زیورات، سجاوٹ کی اشیا اور کھلونے بھی بناتے تھے۔ انھیں بتائیں کہ بعدازاں کانسی سے بنی ہوئی اشیا کی جگہ لوگوں نے لوہے سے ہتھیار بنانا شروع کیے۔ ان ہتھیاروں میں زرہ بکتر، ڈھال، چاقو، تلوار اور تیر وغیرہ شامل تھے۔ انھیں بتائیں کہ تلوار کو انگریزی میں (Sword) کہتے ہیں۔ انھیں تلوار کی ظاہری بناوٹ کے بارے میں بتائیں کہ یہ ایک لمبا تیز دھار ہتھیار ہے۔ تلوار دو حصوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ اس کے ایک طرف لمبی تیز دھار اور دوسری طرف تلوار پر گرفت مضبوط رکھنے کے لیے قبضہ ہوتا ہے۔ انھیں بتائیں کہ تلوار کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ یہ ہتھیار دنیا کی مختلف تہذیبوں میں جب اور دفاع میں استعمال ہوتا تھا اور اسے ایک نہایت معتبر ہتھیار سمجھا جاتا تھا، انھیں بتائیں کہ بڑے بڑے نامور سلاطین اور اللہ کے نبیوں نے بھی تلوار کو دوران جنگ استعمال کیا۔ طلبہ کو تیر کمان اور تیر کی تصویر دکھائیں۔ انھیں بتائیں کہ تلوار کی طرح تیر کمان بھی ماضی کے اوزاروں میں ایک اہم اوزار ہے۔ انھیں بتائیں کہ زمانہ قدیم میں لوگ جانوروں کے شکار کے لیے بھالے کا استعمال کرتے تھے۔ بعدازاں لوگوں نے تیر اور اس کی کمان کو تیار کیا۔ انھیں بتائیں کہ تیر کی رفتار بھالے سے زیادہ تیز تھی اور یہ زیادہ فاصلے تک پھینکا جانے والا ہتھیار ہے۔ جسے جنگوں میں بھی استعمال کیا جانے لگا۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 84 سے نئے اوزاروں کے نام اور استعمال بتائیں جیسا کہ ہتھوڑی سے کیل لگانا، پلاس سے کیل کھینچ کر نکالنا، کٹر سے چیزیں کاٹنا، پیچ کس سے پیچ کو کس دینا، قینچی سے کپڑا کاٹنا، پانا سے ڈھیلے نٹ ٹھیک کرنا وغیرہ۔ اسی طرح بچے کو بیلچے کے بارے میں بتائیں۔ یہ ایک سادہ دستی اوزار ہے جو بڑی مقدار میں ریت، بجری، برف، کوئلہ، مٹی، گارا وغیرہ اٹھانے یا ہٹانے اور زراعت میں نرم زمین کھودنے کے لیے استعمال ہوتا ہے۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5 منٹ

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| تصور | ت۔ صَو۔ وُر | خیال/دھیان |
| زمانہ قدیم | زَ۔ مَا۔ نہ۔ قد۔ یم | پُرانا زمانہ |
| ہتھیار | ہَتھ۔ یار | سامان جنگ/اسلحہ |

**اعادہ:** **2منٹ**

آج کے سبق کے اہم نکات کا خلاصہ پیش کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

مشق جزو(ا)کا سوال(i)اور(ii)کا جواب طلبہ سے لیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے سبق کی گھر میں دہرائی کروائیں۔


**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

فٹ بال، ربڑ، سپرنگ، صابن، سپنج لے کر ان پر قوت لگائیں اور مشاہدہ کریں کہ ان کی شکل میں تبدیلی ہوتی ہے یا نہیں۔

## ورک شیٹ(ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام:_____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: ایجادات |

اوزاروں کے نام لکھیں اور ہر اوزار کے ساتھ لکھیں کہ یہ کیوں استعمال ہوتا ہے۔



| | | | |
|---|---|---|---|
| تیسری سہ ماہی | جماعت: سوم | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ 7 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

**سبق کا نام: قوت اور مشینیں**

### حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- آلہ کی تعریف بیان کر سکیں۔
- سادہ مشینوں (ڈھلوان سطح، سطحِ مائل، لیور، پلی، پہیہ اور ایکسل، فانہ) کو پہچان کر ان کے نام بتا سکیں۔

### تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ واقفیتِ عامہ کی کتاب۔ ورک شیٹ

### سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان ''قوت اور مشینیں'' نمایاں کر کے لکھیں۔

طلبہ سے پوچھیں کہ:

- طلبہ سے ماضی اور نئے دور کے چند اوزاروں کے نام اور ان کا استعمال پوچھیں۔

طلبہ سے جواب لیں اور اِن کی حوصلہ افزائی کریں۔

### طریقہ تدریس: 15 منٹ

- طلبہ کو سبق کے آغاز میں بسم اللہ الرحمن الرحیم ضرور پڑھائیں۔
- کتاب کے صفحہ نمبر 86-87 کا متن طلبہ سے پڑھوائیں۔ پڑھنے کے دوران میں طلبہ کو جہاں مشکل پیش آئے ان کی رہنمائی کریں۔ طلبہ کو اہم الفاظ کے معانی بتائیں۔
- طلبہ کو ان صفحات سے سادہ مشینوں کی تصاویر دکھائیں۔
- انھیں متن کی مدد سے ماضی کے اور موجودہ دور کے اوزار اور مشینوں کے نام بتائیں اور استعمال بتائیں۔
- متن میں دی گئی مختلف مثالوں کی مدد سے ان مشینوں کا عام زندگی میں استعمال بتائیں۔
- طلبہ کو ساہ مشین کی تعریف بتائیں۔ انھیں بتائیں ایسا آلہ یا اوزار جو لگائی جانے والی قوت کو تبدیل کر کے کام کو آسان بنا دے سادہ مشین کہلاتی ہے۔
- طلبہ کو سادہ مشینوں کے کام سے آگاہ کریں۔

- طلبہ کو سادہ مشینوں کی اقسام کے بارے میں بتائیں۔
- طلبہ کو کتاب کے صفحہ نمبر 86 اور 87 پر مبنی تصاویر دکھائیں اور ان کی تفصیل بتائیں۔
- طلبہ کو بتائیں زمانہ قدیم میں لوگ کون سی سادہ مشینیں کب، کہاں اور کیسے استعمال کرتے تھے۔
- انھیں بتائیں کون سی قدیم سادہ مشینیں آج بھی استعمال ہو رہی ہیں۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** **5منٹ**

| الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| مشتمل | مُش۔تَ۔مِل | شامل ہونے والا |
| قوت | قُ۔وت | طاقت |
| منسلک | مُن۔سَ۔لک | شامل/پرویا ہوا |
| ہموار | ہم۔وار | برابر/یکساں |
| نسبت | نِس۔بَت | کسی چیز کی طرف منسوب ہونا |

**اعادہ:** **2منٹ**

پڑھایا گیا سبق دہرائیں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

کوئی سی چھے سادہ مشینوں کے نام پوچھیں؟

**گھر کا کام:** **2منٹ**

پڑھائے گئے کام کی دہرائی کروائیں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

اپنے گھر یا ارد گرد استعمال ہونے والی سادہ مشینوں کے نام اپنی کاپی میں لکھیں۔

# ورک شیٹ (ہوم ورک)

| | | |
|---|---|---|
| نام: ____________ | مضمون: واقفیتِ عامہ | سبق: قوت اور مشینیں |


دی ہوئی سادہ مشینوں کے نام اور ان کے استعمال لکھیں۔



____________




____________




____________


Related image



____________



____________



____________